اپریل 2024ء میں کاشتکاروں کے لئے زرعی موسمیاتی مشورے

ماہ مارچ میں ملک بھر کے بیشتر علاقوں (ماسوائے پنجاب کے) میں بارشیں معمول سے زیادہ ہوئیں جبکہ درجہ حرارت کے معمول کے مطابق رہے۔ ان بارشوں نے وہاں کی زرعی زمینوں کو کافی حد تک فائدہ پہنچایا کیونکہ اس دوران ملک بھر میں فصل ربیع بالخصوص گندم بیج کی بڑھوتری کے مراحل سے گزر رہی تھی۔ اپریل کے مہینے میں درجہ حرارت بتدریج بڑھتے ہیں۔

اس ماہ میں معمول کے مطابق یا اس سے قدرے زیادہ بارشیں ہونے کا امکان ہے۔ جبکہ درجہ حرارت بھی معمول سے قدرے زیادہ رہنے کی توقع ہے۔

اپریل کے دوران کسانوں سے مندرجہ ذیل گزارشات ملحوظ خاطر رکھنے کی گزارش ہے۔

۱۔ اپریل کا مہینہ عموماً غیر یقینی موسم کا حامل ہوتا ہے۔ اس دوران ملک کے اکثر زرعی میدانوں میں شام / رات کے وقت تیز ہواؤں کے ساتھ آندھی / جھکڑ چلنے کا امکان رہتا ہے۔ کسان خضرات سے گزارش کی جاتی ہے کہ موسم کیوجہ سے ضاطر خواہ نقصان سے بچنے کی کوشش کریں۔

۲۔ کسان بھائیوں سے گزارش ہے کہ موسمی حالات کو دیکھ کر جلد از جلد گندم کی کٹائی کر کے کھیتوں کو کپاس کیلئے تیار کیا جائے۔ ہمارے ملک میں کپاس کی فی ایکڑ کم پیداوار کی ایک بڑی وجہ فصل کو دیر سے کاشت کرنا بھی ہے جس کیوجہ سے فصل کو موافق موسمی حالات نہیں مل پاتے۔

۳۔ کسان حضرات محکمہ موسمیات کی پیشگوئی کو ملحوظ خاطر رکھ کر محکمہ زراعت کے ماہرین کی مشاورت سے اپنے معمولات طے کریں۔ اس سلسلے میں ریڈیو، ٹیلیویژن اور اخبارات میں نشر اور شائع ہونے والی پیشگوئی کے علاوہ محکمہ موسمیات کے قریبی دفتر سے بھی رجوع کیا جا سکتا ہے۔ اگر کوئی زرعی موسمیاتی مسئلہ درپیش ہو تو ہمارے مندرجہ ذیل دفاتر آپ کی بخوبی مدد کر سکتے ہیں۔

۱۔ نیشنل ایگرومیٹ سنیٹر پی۔او۔ بکس نمبر 1214، سیکٹر ایچ ایٹ ٹو، اسلام آباد۔ فون نمبر: 051-9250299

۲۔ نیشنل فورکاسٹنگ سنیٹر برائے زراعت، پی۔او۔ بکس، 1214، سیکٹر ایچ ایٹ ٹو، اسلا آباد۔ فون نمبر: 4- 9250363- 051

۳۔ ریجنل ایگرومیٹ سنیٹر، نزد بارانی یونیورسٹی، مری روڈ، راولپنڈی۔ فون نمبر: 051-9292149

۴۔ ریجنل ایگرومیٹ سنیٹر، ایوب ریسرچ انسٹیٹیوٹ، جھنگ روڈ، فیصل آباد۔ فون نمبر: 041-9201803

۵۔ ریجنل ایگرومیٹ سنیٹر، ایگریکلچرر ریسرچ انسٹیٹیوٹ، ٹنڈوجام۔ فون نمبر: 022-9250558

۶۔ ریجنل ایگرومیٹ سنیٹر، ایگریکلچرر ریسرچ انسٹیٹیوٹ، سریاب روڈ، کوئٹہ۔ فون نمبر: 081-9211211

تفصیلی موسمی معلومات کیلئے محکمہ موسمیات کی ویب سائٹ www.pmd..gov.pk ملاحظہ فرمائیں۔